1 ستمبر 2022ء سُلی ڈسٹرکٹ مجسٹریل کے نام کے حوالے سے بات چیت

مارچ 2022 میں، فیئر فیکس کاؤنٹی ری ڈسٹرکٹنگ ایڈوائزری کمیٹی نے سُلی ڈسٹرکٹ کے نام کی تبدیلی کی سفارش کی تھی۔ سلی ڈسٹرکٹ کی سپروائزر کیتھی سمتھ ضلع کے رہائشیوں کی رائے چاہتی ہیں کہ: کیا نام بدل دینا چاہیے؟

1 ستمبر کو ہونے والی ورچوئل میٹنگ میں اپنی رائے کا اظہار کریں

کیا آپ سُلی ڈسٹرکٹ میں رہتے ہیں؟ کیا ڈسٹرکٹ کے نام سے متعلق آپ کی کوئی رائے ہے؟ براہ مہربانی 1 ستمبر 2022ء کو شام 7 بجے کاؤنٹی کے عملے کی جانب سے پیش کردہ ایک مختصر پریزنٹیشن میں ہمارے ساتھ شرکت کریں اور ایک آن لائن فورم میں اپنے خیالات شیئر کریں۔ شرکت کرنے کیلئے میٹنگ کا لنک اور تفصیلات، Sully@FairfaxCounty.gov پر ای میل کر کے حاصل کریں۔ جس ہفتے میں میٹنگ ہونا ہے، میٹنگ کے لنکس اسی ہفتے بھیجے جائیں گے۔

یا بذریعہ ای میل اپنے خیالات شیئر کریں

اگر آپ فورم میں شرکت نہیں کر سکتے تو اپنے خیالات شیئر کرنے کیلئے براہ مہربانی Sully@FairfaxCounty.gov پر ای میل کریں یا 711 ٹی۔ ٹی۔ وائی، 703-814-7100 پر کال کریں

براہ مہربانی نوٹ فرمائیں کہ کمیونٹی کی رائے کا خیرمقدم کیا جاتا ہے، تاہم فورم کے دوران کوئی فیصلہ نہیں کیا جائے گا۔

متبادل فارمیٹ میں اس معلومات کی درخواست کرنے کے لیے، سُلی ڈسٹرکٹ آفس سے 711 ٹی۔ ٹی۔ وائی، 703-814-7100 پر رابطہ کریں۔